Southwestern Ontario Student
Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

مئی 2026

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز
2026-2027 سال کے لیےاسکول بس رجسٹریشن – کنڈرگارٹن کےطلباء

اگلے تعلیمی سال کے لیے بس کی رجسٹریشن اب شروع ہو گئی ہے ! طلباء کے لیے بس سروس کو زیادہ مؤثر طریقے سے شیڈول کرنے کے لیے، ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو کی اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز(ایس ٹی ایس) (Southwestern Ontario Student Transportation Services (STS) **کی طرف سے ان طلباء کے لیے سالانہ لازمی ٹرانسپورٹیشن رجسٹریشن کا طریقہ کار موجود ہے، جو بس سروس کے اہل ہیں۔** براہ کرم نوٹ کریں، رجسٹریشن کا یہ عمل ان طلباء کے لیے نہیں ہے جنھیں اپنی منفرد ضروریات کو پورا کرنے کے لیے قابل رسائی/خصوصی نقل و حمل کی ضرورت ہوتی ہے؛ آپ کے اسکول کے ذریعے ان خدمات کے لیے درخواست کا ایک علیحدہ طریقہ کار ذیرعمل ہے۔

15جولائی سے پہلے رجسٹر کرنے کے لیے، یہاں کلک کریں: 2026-2027 بس ریجسٹریشن فارم (2026-2027 Bus Registration Form)

اپنے طالب علم کی شناخت (Student ID) کو جانیں:
رجسٹر کرنے سے پہلے، دیکھ بھال کرنے والوں کو طالب علم کا شناختی نمبر (Student ID number) جاننا چاہیئے، جو اسکول کے دفتر سے رابطہ کرنے پر یا اسکول کے پیرنٹ پورٹل (Parent Portal) پر دستیاب ہے۔

رجسٹریشن کی آخری تاریخ:
نقل و حمل کی درخواستیں 15 جولائی، 2026 کو بند کر دی جائیں گی تاکہ اسکول شروع ہونے سے پہلے راستوں کو حتمی شکل دی جا سکے۔ نگہداشت کرنے والے جو 15 جولائی کے بعد بس کے لیے رجسٹر کراتے ہیں انھیں تاخیر کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اسکول کے آغاز کے لیے ٹرانسپورٹیشن مہیا نہ ہو سکے۔

آپ کو اگلے سال بس سروس کی ضرورت نہیں ہے؟
کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔ اسکول بس سروس ایک مشترکہ سواری کا ماحول ہے، جس میں ایک سے زیادہ طلباء پورس دن کے دورانیے میں جگہ کا استعمال کرتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ کچھ دیکھ بھال کرنے والے ذاتی وجوہات کی بناء پر بس سروس استعمال نہیں کرنا چاہیں۔ **اگر آپ بس سروس استعمال نہیں کر رہے ہیں، تو آپ کو رجسٹر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔** ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے حالات بدل سکتے ہیں، اگر ایسا ہو، تو براہ کرم اُس وقت رجسٹریشن فارم پُر کریں۔

ایس ٹی ایس پیرنٹ پورٹل (STS Parent Portal):
پورٹل اگست کے آخر میں ان تمام دیکھ بھال کرنے والوں کے لیےکھلتا ہے جنہوں نے اسکول بس کے لیے رجسٹر کرایا ہے۔ پورٹل پر آپ کو بس کی تفصیلات (بس کا نمبر بس اسٹاپ کے مقامات، اوقات، وغیرہ) ملیں گے۔ پیرنٹ پورٹل کوسیٹ اپ کرنے اور لاگ ان کرنے کے طریقے کی ہدایات ہماری ویب سائٹ پریہاں مل سکتی ہیں :
https://www.mybigyellowbus.ca/parent-portal/

کنڈرگارٹن بس کی معلومات :

- ✓ رجسٹریشن فارم لازمی ہیں اور جون کے شروع میں کھلیں گے۔
- ✓ اسکول کے بس اسٹاپس اور راستوں پر ہر سال نظر ثانی کی جاتی ہے، بس کے ٹائم ٹیبلز کو پیرنٹ پورٹل (Parent Portal) پر اگست کے آخر میں پوسٹ کیا جاتا ہے۔

Southwestern Ontario Student Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

- ✓ **کنڈرگارٹن کے طلباء کو ہر صبح بس اسٹاپ پر اپنے ایک ذمہ دار شخص کےساتھ ہونا چاہیے اور اسے بس کے دروازے پر ایک ذمہ دار شخص سے ملنا چاہیے۔**
- ✓ کنڈرگارٹن کے طلباء کے لیے بس کے ٹیگز(Bus Tags) اسکول کےشروع کےدنوں میں آپ کے اسکول کے مرکزی دفتر کے ذریعے ان تمام خاندانوں کے لیے بھیجے جاتے ہیں جنہوں نے اسکول شروع ہونے کے ایک ہفتہ سے زیادہ پہلے رجسٹر کیا تھا۔ بس ٹیگ کے ذریعے ڈرائیور کو معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا طالب علم کنڈرگارٹن میں ہے اور اسے ایک ذمہ دار شخص سے ملنے کی ضرورت ہے اور اس بس ٹیگ کوآپ کے طالب علم کے لیے تفویض شدہ بس کی بنیاد پر رنگ کوڈ (Colour Code) کیا گیا ہے۔
- ✓ بس سیفٹی (Bus Safety) سے متعلق معلومات اورویڈیو کے وسائل STS کی ویب سائٹ پر یہاں دستیاب ہیں: https://www.mybigyellowbus.ca/bus-safety/
- ✓ اپنے طالب علم کو ڈرائیو کر کےاسکول لے جانے کے بجائے ان کے پہلے دن صبح بس میں سوار ہونے کا منصوبہ بنائیں، اس سے ڈرائیور کو گھر واپس جاتے وقت آپ کے طالب علم سے زیادہ واقف ہونے میں مدد ملے گی۔
- ✓ **اپنے کنڈرگارٹن کے طالب علم کو سکھائیں کہ وہ بس میں رہے اور اگر وہ اپنے نگہداشت کرنے والے (کیئر گیور) کو نہ دیکھ پائیں تو، ڈرائیور کو بتائیں۔** کنڈرگارٹن کے طلباء جو بس کے دروازے پر کسی ذمہ دار شخص سے نہیں ملتے ہیں وہ اس بس روٹ (bus route) پر ہی بیٹھے رہیں گے اور پھر اسکول واپس لائے جائیں گے۔

اکثر پوچھے گئے سوالات:

ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے سوالات ہوں گے؛ ہم آپ کی مدد کے لیے یہاں موجود ہیں!

- اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے لیے ہمارا ہیلپ پیج (Help Page) دیکھیں۔
- ہم سے رابطہ کریں (Contact Us) کے فارم کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں ایک پیغام بھیجیں۔
- ہماری رجسٹریشن کی ہاٹ لائن کو 519-649-1160 پر کال کریں۔
- اسکول بس سیفٹی کے وسائل (School Bus Safety Resources) STS کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
- بس ڈرائیورز آپ کی کمیونٹی کا ایک اہم حصہ ہیں۔ اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا آپ کے علاقے میں ڈرائیور بننے میں دلچسپی رکھتا ہے، تو مزید جاننے کے لیے Our Become A Driver webpage ویب پیج پر جائیں۔

شکریہ،

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (Southwestern Ontario Student Transportation Services)
www.mybigyellowbus.ca